# 31-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ ہندوستان کی حقیقی جی ڈی پی مالیاتی سال 2025 ءتک 6.4 فیصد ہونے کی توقع ہے جبکہ مالیاتی سال 26-2025 ءتک یہ 6.3 تا 6.8 فیصد رہنے کا امکان ہے۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے نامپلی میں واقع گوشہ محل اسٹیڈیم میں نئے عثمانیہ جنرل ہاسپٹل کی عمارت کی تعمیر کا آج سنگ بنیاد رکھا۔

۳۔ تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ اور بی آر ایس سربراہ چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ وہ تلنگانہ حکومت کی کارکردگی کو تحمل کے ساتھ کو دیکھ رہے ہیں اور صحیح وقت آنے پر مضبوطی کے ساتھ حکومت کی ناکامیوں کو اجاگر کریں گے۔

اور

۴۔ مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کانگریس حکومت پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی آڑ میں رعیّتو بھروسہ اسکیم روکنے کا الزام لگایا۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے نامپلی میں واقع گوشہ محل اسٹیڈیم میں نئے عثمانیہ جنرل ہاسپٹل کی عمارت کی تعمیر کا آج سنگ بنیاد رکھا۔ نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرمارکا، ریاستی وزرا دامودر راجہ نرسمہا، پونم پربھاکر، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، کئی ارکان پارلیمان اور ارکان اسمبلی نے اس تقریب میں شرکت کی۔ نیا اسپتال 32 لاکھ اسکوئیرفٹ پر محیط ہوگا اور نیشنل میڈیکل کمیشن اور انڈین پبلک ہیلتھ اسٹینڈرڈ کے قواعد کے تحت کام کرے گا۔ یہ اسپتال 2 ہزار بستروں پر مشتمل ہوگا۔ اس میں 29 بڑے اور 12 چھوٹے آپریشن تھیٹرس، اڈوانسڈ روبوٹک سرجری یونٹس اور ایک ٹرانسپلانٹ تھیٹر ہوگا۔ اسپتال جدید سہولیات سے آراستہ رہے گا اس میں ہائی ٹیک لانڈری سسٹم، سیویج، معقول ٹریٹمنٹ پلانٹس اور بائیومیڈیکل ویسٹ مینجمنٹ سسٹم رہے گا۔ اسپتال کے احاطے میں نیا اکیڈمک بلاک رہے گا جس میں نرسنگ، ڈینٹل اور فزیوتھیراپی کالجس ہوں گے۔

○○

مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کانگریس حکومت پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی آڑ میں رعیّتو بھروسہ اسکیم روکنے کا الزام لگایا۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ کیونکہ رعیّتو بھروسہ اسکیم پہلے سے جاری ہے لہٰذا الیکشن کمیشن کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجوزہ انتخابات ٹیچرس اور گریجوٹس سے متعلق ہیں اس لئے انتخابی عمل کی وجہ سے اسکیم متاثر نہیں ہونی چاہئے۔ بنڈی سنجے نے اس معاملہ پر کل جماعتی اجلاس طلب کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ حالیہ اعلان کردہ فلاحی اسکیموں کے نفاذ میں کوئی تاخیر نہیں ہونی چاہئے اور استفادہ کنندگان کو ان اسکیمات کا فائدہ پہنچنا چاہئے۔

○○

بی آر ایس ارکان اسمبلی کے کانگریس میں شامل ہونے پر انہیں نااہل قرار دینے سے متعلق عرضیوں پر سپریم کورٹ میں سماعت ایک ہفتہ تک ملتوی ہوگئی ہے۔ بی آر ایس رکن اسمبلی پی کوشک ریڈی کی عرضی پر جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس جارج مسیح کی بنچ نے سماعت کی۔ کوشک ریڈی کے وکیل نے عدالت عظمیٰ کو بتایا کہ ہائی کورٹ نے گزشتہ سال مارچ میں اسمبلی اسپیکر کو ہدایت دی تھی کہ وہ ارکانِ اسمبلی کی نااہلی سے متعلق کوئی فیصلہ چار مہینوں کے اندر کرے، تاہم ایسا نہیں کیا گیا۔ عرضی گزار کے وکیل نے معینہ وقت کے اندر فیصلہ نہ کرنے کا اسپیکر پر الزام لگایا۔ اسمبلی سکریٹری کی

نمائندگی کرنے والے سینئر وکیل مکل روہتگی نے عدالت کو بتایا کہ اسپیکر نے اِس ضمن میں متعلقہ ارکانِ اسمبلی کو پہلے ہی نوٹسیں جاری کردی ہیں۔

○○

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ عالمی عدم استحکام کے بیچ ہندوستان نے معاشی، سماجی اور سیاسی استحکام کے ایک ستون کے طور پر دنیا کے سامنے نظیر پیش کی ہے۔ صدر جمہوریہ نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کے دوران یہ بات کہی۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ملک کی آنے والی نسلیں سال 2047ء تک یقیناً ترقی یافتہ، مستحکم اور خوشحال ہندوستان دیکھیں گی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت تیز گامی اور اصلاح، مظاہرہ اور تبدیلی کے نصب العین کے ساتھ ترقیاتی کام انجام دے رہی ہے تاکہ لوگوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹل اکسپنڈیچر بجٹ میں ریکارڈ 11 لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ 10 سال قبل یہ رقم صرف 2 لاکھ کروڑ روپے تھی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت نے ملک کی داخلی سیکورٹی اور سرحدوں کی حفاظت کے لئے تاریخی اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرحدوں کی حفاظت کی حکمتِ عملی کے تحت ملک کی سرحدی علاقوں میں کام کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ نے مونی اماوسیا کے موقع پر مچی بھگدڑ پر دکھ کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی تمنا کی۔ صدر جمہوریہ نے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کو بھی خراج عقیدت پیش کیا۔

○○

ہندوستان کی حقیقی جی ڈی پی مالیاتی سال 2025ء تک 6.4 فیصد ہونے کی توقع ہے جبکہ مالیاتی سال 26-2025ء تک یہ 6.3 تا 6.8 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کی جانب سے آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کردہ اقتصادی سروے میں یہ پیش گوئی کی گئی ہے۔ اقتصادی سروے میں گھریلو معیشت کے بنیادوں کو اجاگر کیا گیا اور خانگی کھپت میں استحکام کی بات کہی گئی۔ اس میں کہا گیا کہ زرعی اور خدمات کے شعبوں کے تعاون سے ملک کی اقتصادی ترقی میں بہتری دیکھی گئی۔ سازگار زرعی ماحول اور ریکارڈ خریف پیداوار کے تناظر میں دیہی شعبہ میں بھی بہتری کے آثار ہیں۔ سروے میں بتایا گیا کہ عالمی سطح پر طلب میں کمی کی وجہ سے مینوفیکچرنگ شعبہ پر دباؤ ہے جبکہ خانگی بچت کے شعبہ میں استحکام دیکھا گیا۔

○○

تلنگانہ ہائی کورٹ نے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کو تلنگانہ پولیس اسٹیٹ اسوسی ایشن کے انتخابات اندرون پانچ ہفتے کرانے کی ہدایت دی ہے۔ عدالت نے ایک عرضی پر سماعت کرتے ہوئے یہ فیصلہ سنایا۔ عرضی میں کہا گیا تھا کہ حالانکہ 21 جون 2016ء کو ہائی کورٹ نے انتخابات منعقد کرانے کا فیصلہ صادر کیا تھا لیکن اس پر عمل آوری نہیں کی گئی۔

○○

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ترقی یافتہ ہندوستان بنانے کی راہ بنانے کا خاکہ پیش کیا ہے۔ ایک سوشیل میڈیا پوسٹ کے ذریعہ مودی نے کہا کہ صدر جمہوریہ نے تمام شعبوں میں حکومت کے اقدامات کو اجاگر کیا اور مستقبل کی ترقی کے لئے اہم نکات پیش کئے۔ مودی نے مزید کہا کہ صدر جمہوریہ کا خطاب ہندوستان کے نصب العین کو ظاہر کرتا ہے جہاں پر نوجوانوں کو اپنی صلاحتیں نکھارنے کے لئے بہتر مواقع میسر ہوں گے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ حکومت کے اہداف کو حاصل کرنے کے روڈ

میاپ بھی صدر جمہوریہ نے اپنی تقریر میں شامل کیئے۔

OO

تلنگانہ کے سابق وزیراعلیٰ اور بی آر ایس سربراہ چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ وہ تلنگانہ حکومت کی کارکردگی کو تحمل کے ساتھ کو دیکھ رہے ہیں اور صحیح وقت آنے پر مضبوطی کے ساتھ حکومت کی ناکامیوں کو اجاگر کریں گے۔ چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ سماج کا کوئی طبقہ بھی خوش نہیں ہے اور انتخابی مہم کے دوران انہوں نے جس بات کا خدشہ ظاہر کیا تھا وہ صحیح ثابت ہو رہا ہے۔ کے سی آر نے کہا کہ انہوں نے کہا تھا کہ کانگریس پارٹی ریتو بندھو اور دلت بندھو اسکیم کی اہمیت کو کم کردے گی۔ بی آر ایس سربراہ نے پارٹی کیڈر پر زور دیا کہ وہ کانگریس حکومت کے خلاف جدوجہد کے لئے خود کو تیار کریں۔ کے سی آر نے آج سدی پیٹ ضلع کے ایراولی میں واقع اپنے فارم ہاؤس میں ظہیرآباد حلقہ کے موگوڈم پلی، جھارسنگم، ظہیرآباد اور کوہیر منڈل کے پارٹی کارکنوں سے خطاب کیا۔ اس موقع پر سابق وزیر ہریش راؤ بھی موجود تھے۔ کے سی آر نے کہا کہ تلنگانہ میں کوئی ایک اسکیم بھی ٹھیک طرح سے نافذ نہیں کی گئی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ حکومت سنگا میشورم اور بساویشورم پراجکٹس پر آگے کیوں نہیں بڑھ رہی ہے۔

OO

اسی دوران نئے عثمانیہ دواخانہ کی تعمیر کے خلاف گوشہ محل میں بند منایا گیا۔ گوشہ محل پری رکشنا سمیتی نے اس پراجکٹ کی مخالفت کرتے ہوئے بند بنایا۔ گوشہ محل کے رہائشیوں اور تاجروں نے مجوزہ ہسپتال کو لے کر اعتراضات ظاہر کئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ نئے ہسپتال کی تعمیر سے علاقہ میں ٹریفک کا مسئلہ پیدا ہوگا۔ تجارتی سرگرمیاں متاثر ہوں گی اور ماحولیات پر بھی اس کے اثرات مرتب ہوں گے۔ بند کے پیش نظر علاقہ میں پولیس کی بھاری جمعیت کو تعینات کیا گیا تھا۔ مقامی افراد نے انتباہ دیا تھا کہ وہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو نئے ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھنے سے روکیں گے۔

OO